# سبق - 9

## کولتار

میڈم نے حاضری لینے کے بعد رجسٹر بند کیا، کرسی سے اُٹھیں، کلاس پر نظر ڈالی اور بولیں۔ ''بچّو! آج تمھیں ایک



ایسی چیز کے بارے میں بتاؤں گی جِسے ہم سبھی نے دیکھا ہے۔ لیکن ہم میں سے بہت سے لوگ اس کے بارے میں بس اتنا ہی جانتے ہیں کہ یہ چیز سیاہ ہوتی ہے، چِپ چِپی ہوتی ہے۔ گرم کرو تو اس سے بدبو آتی ہے اور یہ سڑکیں بنانے کے کام آتی ہے۔''

بچّے بولے ''کولتار''

میڈم نے کہا'' شاباش! مگر سب کو ایک ساتھ نہیں بولنا چاہیے۔ کولتار کوئلے سے نکالا جاتا ہے مگر تمھیں یہ پتا نہیں ہوگا کہ تم جس صابن سے نہاتے ہو اس میں سے جو خوش بو آتی ہے وہ ایک ایسے تیل سے حاصل کی جاتی ہے جو کولتار سے نکالا جاتا ہے۔ تمھاری والدہ گرم کپڑوں کو کیڑوں سے محفوظ رکھنے کے لیے صندوق میں سفید گولیاں رکھتی ہیں۔ وہ گولیاں بھی کولتار سے بنائی جاتی





ہیں۔ جس روشنائی سے تم لکھتے ہو وہ بھی کولتار سے ہی بنتی ہے۔ تمھیں یہ سُن کر تعجّب ہوگا کہ سیکڑوں طرح کے رنگ کولتار سے بنائے جاتے ہیں۔ ان میں وہ رنگ بھی شامل ہیں جن سے کپڑے، ربن اور جوُتے

© NCERT not to be republished



رنگے جاتے ہیں اور وہ رنگ بھی جن سے رنگ برنگی مٹھائیاں بنائی جاتی ہیں۔ ہم جو سینٹ اور پرفیوم لگاتے ہیں یہ بھی کولتار سے ہی نکالے جاتے ہیں۔''

رشید نے کہا ''میڈم میں نے سُنا ہے کہ کولتار سے کچھ دوائیں بھی بنتی ہیں۔'' میڈم نے کہا ''تم نے بالکل ٹھیک سُنا ہے۔ تم لوگوں نے دیکھا ہوگا کہ دانتوں کا ڈاکٹر جب کسی کا دانت نکالتا ہے تو پہلے مسوڑھے پر ایک دوا لگا دیتا ہے جس سے وہ جگہ سُن ہو جاتی ہے۔ اس سے مریض کو دانت نِکلوانے میں تکلیف نہیں محسوس ہوتی۔ یہ دوا بھی کولتار سے بنائی جاتی ہے۔ اشوک، پچھلے سال دیوالی میں پٹاخے چھوڑتے وقت تمھارے ہاتھ کی اُنگلیاں جل گئی تھیں۔ تمھاری امّی نے اُنگلیوں پر پیلے رنگ کا ایک مرہم لگا دیا تھا۔ اُنگلیوں کی جلن فوراً ختم ہوگئی تھی۔ وہ مرہم بھی کولتار سے ہی بنایا جاتا ہے۔'' میڈم ٹھہر گئیں۔ بچّے بڑی حیرت سے میڈم کی بات سُن رہے تھے۔



شیلا بولی ''میڈم!'' میرے پاپا کہتے ہیں کہ سیکرین کولتار سے بنائی جاتی ہے۔'' میڈم نے کہا ''تمھارے پاپا بالکل ٹھیک کہتے ہیں۔ اس کے علاوہ سائنس دانوں نے کولتار سے ایک اور بہت عمدہ چیز بنائی ہے جسے بیکالائٹ کہتے ہیں۔ اس بیکالائٹ سے بہت سی چیزیں بنائی جاتی ہیں۔ مثلاً چشمے کے فریم، گراموفون ریکارڈ، وغیرہ وغیرہ۔''

رضیہ نے کہا ''میڈم یہ کولتار تو بڑے کام کی چیز ہے۔''

میڈم نے کہا ''ہاں، بڑے کام کی چیز ہے۔''

تبھی گھنٹی بجی اور کلاس ختم ہوگئی۔



not to be republished

# مشق

## 1. پڑھیے اور سمجھیے:

| | | |
|---|---|---|
| سیاہ | : | کالا |
| محفوظ | : | جس کی حفاظت کی گئی ہو۔ |
| سائنس داں | : | سائنس جاننے والا |

## 2. سوچیے اور بتائیے:

1. صابن کو خوش بودار بنانے کے لیے کس چیز کا استعمال کیا جاتا ہے؟
2. عام طور پر سڑکیں سیاہ کیوں دکھائی دیتی ہیں؟
3. کولتار سے کون کون سی چیزیں بنتی ہیں؟
4. مریض کو دانت نکلوانے میں تکلیف کیوں نہیں ہوتی؟
5. کولتار سے بننے والے رنگ کہاں کہاں استعمال ہوتے ہیں؟

## 3. نیچے دی ہوئی خالی جگہوں کو بھریے:

1. شاباش! مگر تم سب کو ................ ساتھ نہیں بولنا چاہیے۔
2. وہ گولیاں بھی ................ سے بنائی جاتی ہیں۔
3. میڈم! میں نے سنا ہے کہ کولتار سے کچھ ................ بھی بنتی ہیں۔
4. بچے بڑی حیرت سے ................ کی بات سن رہے تھے۔
5. اس ................ سے بہت سی چیزیں بنائی جاتی ہیں۔



© NCERT not to be republished

## 4. نیچے دی ہوئی مثال کے مطابق لفظوں کو بدل کر لکھیے:

| | | |
|---|---|---|
| مثال: بچّہ | بچّے | بچوں |
| کپڑا | .................. | .................. |
| جوتا | .................. | .................. |
| مسوڑھا | .................. | .................. |
| چشمہ | .................. | .................. |
| پٹاخا | .................. | .................. |

## 5. حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملائیے:

| الف | ب |
|---|---|
| خوش بو | پچھلے |
| سیاہ | ٹھنڈا |
| حاضری | بد بو |
| معلوم | غیر حاضری |
| گرم | سفید |
| اگلے | نا معلوم |

## 6. بریکٹ میں دیے ہوئے لفظوں کو پڑھیے اور جملوں میں استعمال کیجیے:

1. اسکول میں روزانہ حاضری .......... ہے۔ (ہونا)

© NCERT not to be republished

2. میڈم نے کلاس پر نظر ............۔ (ڈالنا)

3. پھولوں سے خوش بو............ ہے۔ (آنا)

4. رشید روز اسکول ......... ہے۔ (جانا)

5. ہماری کتاب ختم.................۔ (ہونا)

**7. سبق میں لفظ 'سائنس داں' استعمال ہوا ہے جس کے معنی ہیں 'سائنس جاننے والا'۔ اسی طرح نیچے دیے ہوئے لفظوں کے آخر میں 'داں' لگا کر لفظ بنائیے اور لکھیے:**

سیاست + ............................

قدر + ............................

قانون + ............................

راز + ............................

**8. خوش خط لکھیے:**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کولتار | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |
| صندوق | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |
| مسوڑھا | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |
| سائنس داں | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |
| بیکا لائٹ | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |

© NCERT not to be republished